نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی کاشتکاروں کو کینولا کی کاشت ماہ اکتوبر میں مکمل کرنے کی ہدایت

لاہور13اکتوبر2022: کینولا سرسوں کی ایسی قسم ہے جس کے تیل اور پیداوار کا معیار عام طور پر اگائی جانے والی سرسوں سے بہت بہتر ہے۔اگر رایا، سرسوں اور توریا کی بجائے کینولا کاشت کیا جائے تو تیل کی کمی پر قابو پانے میں مدد مل سکتی ہے۔روایتی سرسوں کے تیل میں مضر صحت اجزاء اروسک ایسڈ اور گلوکو سائنو لیٹ قدرتی طور پر زیادہ مقدار میں موجود ہوتے ہیں۔جبکہ اس کی کھلی جانوروں کو مستقل طور پر خوراک میں استعمال کرانے سے انہیں بیمار کرسکتی ہے۔کینولا کے تیل اور کھلی میں یہ اجزاء نہ ہونے کے برابر موجود ہوتے ہیں۔اس لئے کینولا کے تیل کو انسانی خوراک میں اور کھلی کو جانوروں کی خوراک میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔کاشتکار کینولا کی کاشت آخر اکتوبر تک مکمل کریں۔محکمہ زراعت کی سفارش کردہ اقسام میں رچنا کینولا، خانپور کینولا، بارانی کینولا، ساندل کینولا، سپر کینولا اور پی اے آر سی کینولا شامل ہیں۔اس کے علاوہ کینولا کی ہائبرڈ اقسام ایچ سی-3161، گوریلا، ایچ سی-021C اور سونگ-1 شامل ہیں۔کاشتکار کینولا کا صحتمند اور صاف ستھرا بیج ڈیڑھ سے دو کلوگرام فی ایکڑ استعمال کریں۔کینولا کو کلراٹھی اور سیم زدہ زمینوں کے علاوہ ہر قسم کی زمین پر کاشت کیا جا سکتا ہے۔کاشت سے پہلے زمین کو اچھی طرح تیار کریں۔بہتر اگاؤ کیلئے اگر وافر پانی میسر ہو تو دوہری راؤنی کریں اس سے جڑی بوٹیاں تلف ہو جاتی ہیں۔وریال زمین کی تیاری کیلئے 2 سے 3 دفعہ ہل چلا کر 2 دفعہ سہاگہ دیں۔دیگر فصلات کی برداشت کے بعد زمین تیار کرتے وقت 3 سے 4 دفعہ ہل چلا کر 2 دفعہ سہاگہ دیں جبکہ بارانی علاقہ جات میں زمین کی تیاری اور وتر کی سنبھال کیلئے 2 سے 3 دفعہ ہل چلا کر 2 دفعہ سہاگہ دیں۔کینولا کی بہتر پیداوار کے حصول کیلئے فصل کی کاشت قطاروں میں کریں اور قطاروں کا آپس میں فاصلہ ڈیڑھ فٹ رکھیں۔فصل کو تروتر میں بذریعہ پوریا ڈرل کاشت کریں جبکہ چھٹہ کے ذریعہ بھی کاشت کیا جا سکتا ہے۔کینولا کی ڈھلوان کھیت میں کاشت کیلئے رجر کے ساتھ وٹ بندی کر کے وٹوں کا درمیانی فاصلہ ڈیڑھ فٹ رکھیں اور خشک زمین میں وٹ بندی کر کے کاشت کرنے کیلئے بیج کو گیلی بوری میں 8 گھنٹے تک رکھنے کے بعد کاشت کریں۔کینولا کی اچھی پیداوار کیلئے پودوں کی کم از کم تعداد 60 ہزار فی ایکڑ ہونا ضروری ہے۔

☆☆☆☆